© rasailojaraid.com



**حضرت مولانا محمد علی جالندہری** | پروفیسر ڈاکٹر نور محمد غفاری ۔ قیمت ۳۲ روپے

ملنے کا پتہ :۔ مجلس تحفظ ختم نبوت حضوری باغ روڈ ۔ ملتان

حضرت مولانا محمد علی جالندہری رحمہ اللہ جس کو دنیا مجاہد ملت کے نام سے پہچانتی ہے ۔ قافلہ احرار کے وہ نامور سپوت ہیں جنہوں نے نبوت کاذبہ کو ہر محاذ پر سر دار ورسن اور بر سر بالائے بام للکارا ۔ تحفظ ختم نبوت کی پاداش میں بارہا زنداں کئے گئے اور ان کو ہر قسم کی تکالیف اور اذیتوں کا سامنا کرنا پڑا ۔ مگر اس مرد درویش کے پائے استقلال میں کسی قسم کی لغزش پیدا نہ ہوئی ۔

زیر نظر کتاب جناب پروفیسر ڈاکٹر نور محمد صاحب غفاری نے ان کی شخصیت اور ان کے مجاہدانہ کارناموں پر ترتیب دی ہے ۔ چونکہ مصنف کو حضرت مجاہد ملت کے ساتھ عشق کی حد تک عقیدت ہے اس لئے ہر سطر سے عشق و وارفتگی اور کیف و مستی ٹپکتی ہے ۔ کتاب ایک تاریخی دستاویز ہونے کے ساتھ ساتھ بہترین ادبی شاہکار بھی ہے علاوہ ازیں اردو ، عربی اور فارسی کے برمحل استعمال نے کتاب کی جاذبیت دو آتشہ کردی ہے اور معنوی حسن کے ساتھ ساتھ ظاہری حسن سے بھی آراستہ ہے ۔

(محمد ابراہیم فانی)

**کتاب الجنائز** | مرتب :۔ محمد اقبال کیلانی ———— قیمت :۔ وقف للہ

ناشر :۔ حدیث پبلیکیشنز حضرت کیلیانوالہ ۔ براستہ علی پور چٹھہ ضلع گوجرانوالہ

زیر تبصرہ کتاب جنازے کے احکام و مسائل پر مشتمل ہے ۔ باب الموت والمیت سے قبل مرتب نے باب قبل المرض اور باب المرض والعیادۃ کا قیمتی اضافہ کیا ہے ۔ صفحہ ۱۶ پر اصطلاحات حدیث کا مختصر نقشہ بھی پیش کیا ہے ، تاکہ بقول مرتب ہمارا مقصد اصطلاحات حدیث کے بارہ میں مکمل معلومات فراہم کرنا نہیں بلکہ عام پڑھے لکھے حضرات جو علم حدیث سے لاعلمی کے باعث ہر حدیث کو بلا تامل ضعیف کہہ دیتے ہیں ، اُن کے ذہن سے یہ تأثر دور کرنا مقصود ہے کہ علم حدیث کوئی معمولی چیز نہیں بلکہ یہ ایک ایسا بحر بیکراں ہے جس پر بات کرنا ہر آدمی کے بس کی بات نہیں ——— کتاب میں بعض جاہلی رسومات پر صحیح احادیث کی روشنی میں کڑی تنقید کی گئی ہے اور خلاف سُنّت رسومات اور بدعات کی نشاندہی بھی موجود ہے ——— مرتب کتاب چونکہ مسلکاً اہلحدیث ہیں اس لیے کتاب میں جگہ جگہ اس کی جھلک بھی موجود ہے ۔ (نوٹ) ۳ روپے کے ٹکٹ برائے ڈاک خرچ بھیجکر کتاب منگوائی جاسکتی ہے ۔ (فانی)

**خطباتِ حقانی** (حصہ اول)

افادات :۔ مولانا عبدالقیوم حقانی
پیش لفظ :۔ شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد فرید
صفحات ۱۲۸ ——— قیمت ۱۸/- روپے

تعمیر انسانیت ، دعوت و تبلیغ ، زہد و قناعت ، وجود باری تعالیٰ ، فتنۂ انکار خدا ، سرمایہ داری اور اشتراکیت ، جہاد افغانستان ، کمیونسٹوں کے بے پناہ مظالم کی مجرمانہ تاریخ ، دو کردار اور دو ٹھکانے ، اور دیگر کئی ایک اہم عنوانات پر مؤثر خطبات اور ولولہ انگیز تقاریر کا مجموعہ ، سب کے لیے فکر و مطالعہ ، غور و تدبر کا سامان ، نیک اعمال اور اصلاح انقلاب اُمت کی پُرخلوص دعوت ۔

مؤتمر المصنفین ——— دارالعلوم حقانیہ ——— اکوڑہ خٹک ——— پشاور



© rasailojaraid.com